# Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Associations

Overseas Pakistanis Bungalows Welfare Association
K.D.A

سرکلر نمبر 69

17 نومبر 2019

## چھٹے جنرل باڈی اجلاس منعقدہ 17 نومبر 2019 کی کاروائی کی تفصیل

موجودہ ایسوسی ایشن کا چھٹا جنرل باڈی اجلاس حسب پروگرام 17 نومبر 2019 کو فیملی پارک میں رات ساڑھے آٹھ (08:30) بجے منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت جناب یونس محی الدین صاحب کو حاصل ہوئی۔ بعدازاں جنرل سیکریٹری نے الیکشن کمیٹی کے تینوں ممبران جناب اختر علی صاحب، جناب عبداللہ مشتاق صاحب اور جناب سید نذر علی صاحب کا بہترین وشفاف الیکشن منعقد کروانے پر شکریہ ادا کیا جس پر تمام حاضرین نے بھی تالیاں بجا کر تائید کی۔

اس کے بعد جنرل سیکریٹری صاحب نے سبکدوش ہونے والے عہدے داروں اور ممبرز جن میں شیخ عبدالقدوس صاحب، ابو کامل اعظمی صاحب، کاشف اقبال صاحب، عفان عارف صاحب اور قمر عباد صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے انہیں الوداع کہا۔

اس کے بعد معزز رکن الیکشن کمیٹی سید نذر علی صاحب نے نومنتخب صدر محمد عمیر کریمی صاحب اور نائب صدر قاضی تنویر احمد صاحب سے مندرجہ ذیل حلف لیا۔

**"میں حلفیہ اقرار کرتا ہوں کہ میں بحیثیت ایک منتخب نمائندے کے اورسیز بنگلوز کے مفادات کا خیال کروں گا اور پوری دیانت داری، ایمانداری اور شفاف طریقے سے اپنی ذمہ داریاں نبھاؤں گا۔ اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے سلسلے میں تمام آئینی، اخلاقی اور قانونی حدود کی پاسداری کرتے ہوئے اپنی حیثیت اور وقت کے مطابق رضا کارانہ طور پر فلاحی خدمات سرانجام دوں گا۔"**

اس کے بعد صدر نے تمام دیگر نومنتخب عہدے داروں اور ایگزیکیٹو ممبران سے حلف لیا اور نومنتخب صدر عمیر کریمی صاحب نے مختصر خطاب کرتے ہوئے تمام حاضرین کی آمد کا شکریہ ادا کیا اور تمام مکینوں اور پینل اے اور سی کے اجلاس میں موجود ذمہ داران کا ان کی آمد اور انتخابات میں تعاون اور ہم آہنگی کو سراہا۔ نیز ان سے آئندہ بھی ایسوسی ایشن کے کاموں میں شرکت اور تعاون کی اپیل کی جس کے جواب میں دونوں پینل کے ذمہ داروں سید سلیم الدین اور جناب ابو کامل اعظمی صاحب نے مثبت خیالات کا اظہار کیا۔

جنرل سیکریٹری حبیب الرحمان خان صاحب نے سبکدوش ہونے والے صدر عبدالقدوس شیخ صاحب کو دعوت خطاب دی۔ سابق صدر نے اس پورے عرصہ میں باہمی تعاون کے ساتھ کام کرنے پر ایسوسی ایشن کو سراہا اور ان کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ الیکشن کمیٹی کے معزز رکن سید نذر علی صاحب اور جنرل سیکریٹری نے حاضرین کے سوالات کے جواب بھی دیے آخر میں حاضرین کو مشروب پیش کیا گیا جس کے بعد تقریب کا اختتام ہوا۔

حبیب الرحمن خان

جنرل سیکریٹری

SCANNER
ODYSSEY APPS